www.express.com.pk

# DAILY EXPRESS

# روزنامہ ایکسپریس پشاور

TUESDAY, MAY 26, 2026

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 233 | منگل، 9 ذوالحج، 26 مئی 2026ء، صفحات 12 قیمت 40 روپے

جوائن وائس ایپ چینل

# دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، صوابی

## اشتہار برائے ای-آکشن/نیلام عام

## مالی سال 27-2026 کیلئے ریونیو ٹھیکہ جات

عوام الناس کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی خیبر پختونخواہ بمطابق نوٹیفکیشن نمبر 2026/11-6/LCB/AOII مورخہ 07 مئی 2026 جاری کردہ لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن صوابی اپنے درجہ ذیل ٹھیکہ جات ایک سال کے لئے از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 بذریعہ ای بلدیہ/ای-آکشن سسٹم نیلام کرنا چاہتی ہے۔ لہذا لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ میں رجسٹرڈ اہل ٹھیکیداران فرمز (تجدید شدہ) برائے سال 27-2026 سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ای-آکشن مورخہ 08، 09 اور 10 جون 2026 بوقت صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے مسلسل تین (03) ورکنگ ڈیز کے دوران آن لائن دستیاب ہوگی۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | بولی رقم | 5% کال ڈیپازٹ |
|---|---|---|---|
| 01 | جنرل بس سٹینڈ صوابی بمعہ رکشہ ولوڈر رجسٹریشن فیس | 72085310 | 3604270 |
| 02 | جنرل بس سٹینڈ زیدہ بمعہ رکشہ ولوڈر رجسٹریشن فیس | 3005460 | 150280 |
| 03 | ہفتہ وار میلہ مویشیاں صوابی | 7420270 | 371020 |
| 04 | ہفتہ وار میلہ مویشیاں گوہاٹی | 8800200 | 440010 |
| 05 | تہہ بازاری فیس صوابی | 4730140 | 236510 |
| 06 | تہہ بازاری فیس زیدہ | 353100 | 17660 |
| 07 | وصولی مذبحہ خانہ فیس صوابی | 530000 | 26500 |
| 08 | وصولی مذبحہ خانہ فیس زیدہ | 71100 | 3560 |
| 09 | جمعہ بازار فیس صوابی | 1250900 | 62550 |
| 10 | سائن بورڈ فیس | 3267200 | 163360 |
| 11 | واٹر ریٹ فیس اربن ایریا صوابی | 3685620 | 184290 |
| 12 | لیٹرین فیس GBS صوابی | 686400 | 34320 |
| 13 | پروفیشنل فیس آن میونسپل سروسز | 2400000 | 120000 |

### شرائط و ضوابط

1- الائیڈ بینک، بینک اور بینک آف پنجاب کے علاوہ کال ڈیپازٹ/بینک ڈرافٹ کسی بھی بینک کا قابل قبول ہوگا۔

2- تمام خواہشمند ٹھیکیداران/فرمز ای پی ال CDRS مورخہ 04 جون 2026 اپ لوڈ کرنے اور دیگر ضروری کوائف مکمل کرنے کے پابند ہوں گے۔

3- ہر حصہ لینے والے ٹھیکیدار/فرم شرکت سے قبل گزشتہ سال کی کل آمدنی کے 5 فیصد کے برابر ارنسٹ منی متعلقہ لوکل کونسل کے حق میں جمع کروانا ہوگی۔

4- ای آکشن مکمل ہونے پر کامیاب بولی دہندہ کو عارضی کامیاب بولی دہندہ تصور کیا جائیگا جبکہ متعلقہ ٹی ایم اے سات (07) دن کے اندر تمام قانونی کارروائی بشمول معاہدہ مکمل کرے گی۔

5- کامیاب بولی دہندہ دو ایسے ضامن فراہم کرے گا جن کی غیر منقولہ جائیداد ٹھیکہ رقم کے برابر ہو اور جن کی تصدیق فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے ہو۔

6- مقررہ وقت کے اندر ایڈوانس رقم جمع نہ کروانے یا معاہدہ عمل نہ کرنے کی صورت میں بولی خودکار طور پر منسوخ تصور ہوگی اور ارنسٹ منی بحق متعلقہ لوکل کونسل ضبط کی جائے گی۔

7- ایسے ٹھیکہ جات جن میں سالانہ فیس ٹیکس وصولی شامل ہو، ان میں کامیاب ٹھیکیدار کل رقم کا 50 فیصد بطور ایڈوانس جمع کروائے گا جبکہ باقی 50 فیصد مالی سال کے دوران تین مساوی اقساط (جولائی تا ستمبر) میں جمع کروانا ہوگا۔

8- ماہانہ اقساط ہر ماہ کی 05 تاریخ تک جمع کروانا لازمی ہوں گی تاخیر کی صورت میں 10 تاریخ تک 2 فیصد جرمانہ عائد ہوگا جبکہ عدم ادائیگی کی صورت میں قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

9- تمام وفاقی وصوبائی ٹیکسز، ڈیوٹیز اور لیویز ٹھیکیدار کے ذمہ ہوں گی۔

10- اگر مقررہ فیس/ٹیکس سے زائد وصولی یا منظور شدہ شیڈول کی خلاف ورزی کی گئی تو متعلقہ ٹھیکیدار/فرم اور ذمہ دار عملہ زائد وصول شدہ رقم کے گیارہ (11) گنا تک جرمانہ کے ذمہ دار ہوں گے۔

11- کسی بھی صورت میں ٹھیکہ رقم میں رعایت، نرمی یا کمی نہیں دی جائے گی۔ 12- ٹھیکہ کسی دوسرے فرد کو سب لیٹ، ٹرانسفر یا اسائن نہیں کیا جائے گا۔

13- ٹھیکیدار اور لوکل کونسل کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں متعلقہ ریجنل میونسپل آفیسر (آر۔ایم۔او) ثالث ہوگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

14- تمام ٹھیکہ جات ایک مالی سال 27-2026 کیلئے گزشتہ سال کی آمدنی کے کم از کم 10 فیصد اضافے کے ساتھ دیئے جائیں گے۔

15- اگر کسی وجہ سے ای-آکشن نہ ہوسکی تو دوبارہ ای-آکشن مسلسل تین دن یعنی 22 جون 2026 تا 24 جون 2026 بوقت صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے آن لائن دستیاب ہوگی۔

16- مزید تفصیلات، ریزرو قیمت اور شرائط ریگولیشن برانچ دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن صوابی میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

17- مجاز اتھارٹی کو کسی بھی بولی کو بغیر وجہ بتائے منظور یا مسترد کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہوگا۔

18- محکمہ لوکل گورنمنٹ کا بقایادار بولی میں حصہ نہیں لے سکتا۔

تحصیل آفیسر ریگولیشن
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن صوابی

تحصیل میونسپل آفیسر
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن صوابی

ہمارا ایمان، کرپشن فری پاکستان
Our faith, corruption free pakistan

INFP 2532/26

Advertisment

CamScanner